Johnson & Johnson/Janssen کی COVID-19 ویکسین کے متعلق تازہ ترین معلومات

Johnson & Johnson/Janssen کی COVID-19 کی ویکسین، اس ویکسین سے متعلق صحت کے ایک ممکنہ مسئلے کی تحقیقات کرنے کے لیے مختصر عرصے کے لیے استعمال میں وقفے کے بعد NYC میں 18 سال یا اس سے زیادہ عمر کے افراد کے لیے دستیاب ہے۔ NYC محکمہ صحت و ذہنی حفظان صحت (NYC محکمہ صحت) کا Johnson & Johnson کی ویکسین اور دیگر منظور شدہ COVID-19 ویکسینوں کے محفوظ اور مؤثر ہونے پر اعتماد برقرار ہے۔ ویکسینیشن ہی وہ سب سے اہم قدم ہے جو آپ خود کو، اپنے پیاروں کو اور ہماری کمیونٹیوں کو COVID-19 سے محفوظ رکھنے کے لیے اٹھا سکتے ہیں۔

Johnson & Johnson ویکسین کے استعمال میں وقفہ کیوں آیا تھا؟

13 اپریل 2021 کو مراکز برائے بیماری پر کنٹرول اور روک تھام (Centers for Disease Control and Prevention, CDC) اور فوڈ اینڈ ڈرگ ایڈمنسٹریشن (Food and Drug Administration, FDA) نے ویکسین لگوانے والے چھ افراد میں خون کے ایک بہت کم پائے جانے والے لوتھرے کی اطلاعات کے بعد تجویز کیا کہ Johnson & Johnson ویکسین کے استعمال کو عارضی طور پر روک دیا جائے۔ ان کیسوں کی شناخت CDC اور FDA کے ویکسین کے باحفاظت ہونے کی نگرانی کرنے کے نظام نے کی۔ ویکسین کا استعمال مزید معلومات اکٹھی کر کے ان کا تجزیہ کرنے کے لیے روکا گیا۔

تحقیقات سے کیا سامنے آیا؟

21 اپریل 2021 تک، Johnson & Johnson ویکسین کی منظوری کے بعد سے یہ ویکسین لگوانے والے تقریباً 80 لاکھ افراد میں سے خون کے پلیٹلٹ کی کم مقدار کے حامل ایک بہت کم پائے جانے والے خون کے لوتھڑے والے 15 کیسز تھے۔ اس کیفیت کو تھرومبوسس (خون کا لوتھڑا) مع تھرومبوسائیٹوپینیا (خون میں پلیٹلٹ کی کم مقدار) سنڈروم (thrombosis with thrombocytopenia syndrome, TTS) کہا جاتا ہے۔ TTS کے تمام رپورٹ شدہ کیسز 18 سے 59 سال کی خواتین میں تھے، اور علامات ویکسین لگوانے کے چھ سے 15 دن بعد شروع ہوئی تھیں۔ یہ شرح 18 سے 49 سال کی عمر کی خواتین جن کو ویکسین لگی ان میں TTS کے تقریباً سات کیس فی دس لاکھ ہے اور 50 سال اور اس سے زائد عمر کی خواتین جن کو ویکسین لگی ان میں ایک سے کم کیس فی دس لاکھ ہے۔ ویکسین کے کلینیکل ٹرائلز کے دوران TTS کا ایک کیس ایک شرکت کنندہ مرد میں بھی تھا۔

CDC اور FDA اس ویکسین کے استعمال کے متعلق کیا تجویز دیتے ہیں؟

CDC اورFDA تجویز دیتے ہیں کہ Johnson & Johnson کی ویکسین 18 سال اور اس سے زیادہ عمر کے افراد کو لگائی جانی جاری رکھی جائے۔ یہ فیصلہ ایڈوائزری کمیٹی برائے امیونائزیشن پریکٹسز کی تجویز کی بنیاد پر ہے، جو کہ طبی اور صحت عامہ کے ماہرین کا ایک غیر جانبدار گروپ ہے جنھوں نے دستیاب ڈیٹا اور معلومات کا جائزہ لیا اور ویکسین لگوانے کے صحت کو ممکنہ خطرات کے مقابلے میں اس کے فوائد کو پرکھا۔ ویکسین لگوانے والے افراد خاص طور پر 50 سال سے کم عمر کی خواتین کو TTS کے کم بہت کم واقع ہونے والے لیکن بڑھے ہوئے خطرے کے متعلق آگاہ ہونا چاہیے اور اس بات سے کہ COVID-19 ویکسین کے دیگر آپشن موجود ہیں جن میں یہ خطرہ نہیں دیکھا گیا۔

اس حفاظتی مسئلے کے باجود NYC اس ویکسین کو پھر بھی کیوں استعمال کر رہا ہے؟

TTS کا خطرہ بہت کم ہے اور یہ ویکسین COVID-19 کے باعث ہونے والی شدید بیماری، ہسپتال داخل کیے جانے اور موت سے بچانے میں بہت مؤثر ہے۔ اب جبکہ ہم اس خطرے کے متعلق جان گئے ہیں، ہم Johnson & Johnson ویکسین لگوانے والے افراد کو وہ معلومات فراہم کر سکتے ہیں جن کی ان کو TTS کی علامات کو پہچاننے اور فوری طور پر طبی امداد حاصل کرنے کے لیے ضرورت ہے۔ اب نگہداشتِ صحت فراہم کنندگان بھی اس خطرے سے آگاہ ہیں، جس کا مطلب ہے کہ وہ ان لوگوں کی تشخیص اور علاج کر سکتے ہیں جن کو Johnson & Johnson ویکسین لگوانے کے بعد TTS ہو جائے۔ کوئی دوا، علاج یا ویکسین 100٪ خطرے سے خالی نہیں ہے۔

اگر میں Johnson & Johnson ویکسین لگوانے کا فیصلہ کروں تو کیا مجھے کوئی اضافی احتیاط کرنا ہو گی؟
اگرچہ آپ کو Johnson & Johnson سے TTS ہونے کا خطرہ بہت کم ہے، آپ کو ویکسین لگوانے کے بعد تین ہفتے تک ممکنہ علامات کے لیے اپنی نگرانی کرنا ہو گی، جیسے کہ:

- دم گھٹنا
- سینے میں درد
- ٹانگ میں سوجن
- ہر وقت پیٹ میں درد رہنا
- سر میں بہت تیز یا ہر وقت درد رہنا
- نظر دھندلانا
- فوراً نیل پڑ جانا
- انجکشن لگنے کے مقام سے ہٹ کر جِلد کے نیچے ننھے ننھے سرخ دھبے

اگر ویکسین لگوانے کے تین ہفتے کے اندر آپ میں ان میں سے کوئی علامات ظاہر ہوں تو فوراً طبی امداد حاصل کریں — قریبی ہسپتال چلے جائیں یا **911** پر کال کریں۔ علاج فراہم کنندہ کو بتائیں کہ آپ کو Johnson & Johnson ویکسین لگی تھی۔

اس کے برعکس، ویکسین لگوانے کے بعد جو علامات عام ہیں ان میں آپ کے جس بازو پر ٹیکا لگا تھا اس میں سوزش یا سوجن، تھکاوٹ، ہلکے درد، ٹھنڈ محسوس ہونا، ہلکا سر درد یا ہلکے درجے کا بخار شامل ہیں۔ یہ متوقع ضمنی اثرات ہیں اور عام طور پر ویکسین لگوانے کے بعد تین دن کے اندر شروع ہوتے ہیں (ویکسین لگوانے کے اگلے دن سب سے زیادہ عام ہیں) اور شروع ہونے کے بعد عام طور پر تقریباً ایک سے دو دن تک جاری رہتے ہیں۔

کیا دوسری COVID-19 ویکسینوں سے TTS کا خطرہ ہے؟
امریکہ میں ویکسین کے 200 ملین سے زائد ٹیکے لگائے جا چکنے کے بعد بھی TTS کو Pfizer-BioNTech اور Moderna کی COVID-19 ویکسینوں کے ساتھ منسوب نہیں کیا گیا ہے۔ جو لوگ Johnson & Johnson ویکسن نہیں لگوانا چاہتے ہم ان کو پر زور تجویز دیتے ہیں کہ ان میں سے کوئی ایک ویکسین لگوانے پر غور کریں۔

NYC بھر میں سینکڑوں ویکسینیشن سائٹس دستیاب ہیں۔ ویکسینیشن سائٹ تلاش کرنے کے لیے **vaccinefinder.nyc.gov** ملاحظہ کریں (ہر سائٹ پر پیش کی جانے والی ویکسینوں کے نام دیے گئے ہیں) یا سٹی کے زیرِ انتظام چلائی جانے والی کسی سائٹ پر اپوائنٹمنٹ حاصل کرنے کے متعلق معاونت کے لیے 877-829-4692 پر کال کریں۔ کئی سائٹس براہِ راست آ جانے والوں کو قبول کر رہی ہیں۔ سٹی کے زیرِ انتظام چلائی جانے والی سائٹس کی فہرست کے لیے یہاں ملاحظہ کریں۔

ہمیں یہ کیسے معلوم ہو گا کہ ویکسین کے محفوظ ہونے سے متعلق کوئی اور مسائل نہیں ہیں؟
COVID-19 کی ویکسینیں مسلسل CDC، FDA اور دیگر گروپس کی جانب سے محفوظ ہونے کے متعلق کڑی نگرانی سے گزر رہی ہیں۔ پورے امریکہ میں لگائے گئے ویکسین کے دسیوں لاکھ ٹیکوں میں سے ایک چھوٹی سی تعداد میں TTS کی شناخت ہونا اور Johnson & Johnson ویکسین کے استعمال میں وقفہ لایا جانا ظاہر کرتا ہے کہ حفاظتی نظام کام کر رہے ہیں اور حفاظت اور شفافیت اوّلین ترجیح ہیں۔ ہم کسی ممکنہ حفاظتی مسائل سمیت ویکسینوں کے متعلق معلومات آپ تک پہنچانے کے لیے پر عزم ہیں۔

مزید معلومات کہاں سے حاصل کی جا سکتی ہیں؟
اگر آپ کے ذہن میں مزید سوالات ہیں تو براہِ مہربانی اپنے نگہداشت فراہم کنندہ کو یا **311** پر کال کریں۔ COVID-19 کی ویکسین کے متعلق معلومات اور دیگر وسائل کے لیے **nyc.gov/covidvaccine** ملاحظہ کریں۔
Johnson & Johnson کے متعلق FDA کا ترمیم شدہ حقائق نامہ یہاں پر دیکھا جا سکتا ہے۔ اضافی معلومات CDC کی ویب سائٹ پر یہاں دستیاب ہیں۔

صورتحال کے ارتقاء کو دیکھتے ہوئے NYC محکمہ صحت سفارشات تبدیل کر سکتا ہے۔ 4.29.21